36595 ـ خاوندکی اجازت کے بغیرحج کرنا

سوال

ایک عورت سے اس کے خاوند نے حج کروانے کا وعدہ کیا لیکن وعدہ پورا نہیں کیا ، عورت کے گھروالے مکہ جاتے ہوئے اس کے پاس سے گزرے توخاوند کے علم اوررضامندی کے بغیرہی اسے اپنے ساتھ مکہ لے گئے ، توکیا اس کا یہ حج صحیح ہوگا؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ محمد ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

"جواب سے قبل میں یہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ عورت کےلیے خاوندکی اجازت کے بغیر باہرنکلنا جائز نہیں اگرچہ شہرمیں ہی کیوں نہ ہو ، تووہ خاوند کی رضامندی کے بغیر حج کیسے کرسکتی ہے ، یہ حرام ہے اوراس کے لیے جائز نہیں ، اورحج کروانے کا وعدہ کرنے والے خاوند پرواجب ہے کہ وہ اپنا وعدہ پورا کرتا ہوا اسے حج کروائے ، اورخاص کراگرعقد نکاح میں حج کی شرط رکھی گئی ہو کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : (جن شروط سے تم نے شرمگاہیں حلال کی ہیں وہ اس بات کی زیادہ حقدارہیں کہ انہیں پورا کیا جائے) بخاری (2729) مسلم (1418) ۔

اوراگروعدہ عقد نکاح کے بعد کیا گیا ہے توپھر اس کے پورا کرنے میں علماء کرام کا اختلاف ہے ، اورصحیح یہی ہے کہ اگر وعدہ کرنے والے پراسے پورا کرنے میں کوئی ضرر اورنقصان نہیں تواسے پورا کیا جائے ، اس لیے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وعدہ خلافی کومنافقین کی صفت قرار دیتے ہوئے وعدہ خلافی سے بچنےکا کہا ہے .